1431-لڑکی ایک شخص سے اندر ہی اندر محبت کرتی اوراس سے شادی کی دعا کرتی ہے

سوال

کیا یہ غلط ہے کہ کوئی لڑکی کسی شخص سے اپنے دل میں محبت رکھے اوراللہ تعالی سے دعا کرتی رہے کہ اس سے شادی ہوجائے ؟

پسندیدہ جواب

جب یہ محبت اسے اللہ تعالی کی محبت سے غافل نہ کرے اوراس میں کوئی حرام کام شامل نہ ہو مثلا اس سے بات چیت اورملاقات وغیرہ جوکہ حرام ہیں توپھر ان شاء اللہ اس محبت جوکہ صرف اس نے اپنے دل میں ہی رکھی ہے اس میں کوئی حرج نہیں ۔

اوراس میں بھی کوئی حرج نہیں کہ وہ اللہ تعالی کے سے یہ دعا کرتی رہے کہ وہ اس کے نصیب میں کردے لیکن شرط یہ ہے کہ جب وہ شخص مسلمان اوراس کے اعمال بھی صحیح ہوں وہ اسلام کا التزام کرتا ہواوراسے اللہ تعالی کا ڈراورخوف ہو ۔

واللہ اعلم .